تعارف

خریدار اپنی احتیاجات کی تسکین کے لیے اشیا کی خریداری کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ جب کہ پیداکار یا فروخت کار منافع کمانے کے لیے اشیا کو فروخت کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ لیکن خریدار اور فروخت کا ان اشیا کو خردینے اور فروخت کرنے کی غرض سے ایک دوسرے کے ساتھ ربط میں کیسے آتے ہیں۔ آپ اس سبق میں ان بندوبستوں کے بارے میں پڑھیں گے۔ جن سے خریدار اور فروخت کار اشیا کی خریداری اور فروخت کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ رابطے میں آتے ہیں۔

فرہنگ اصطلاحات

بازار (Market) : ایک مخصوص رقبے میں کوئی موثر بندوبست جس سے خریدار اور فروخت کار اشیا کی خریداری اور فروخت کے لیے ایک دوسرے کے رابطے میں آتے ہیں۔

اجارہ داری (Monopoly) : ایک بازار ساخت جس میں ایک واحد فرم ہوتی ہے جو سبھی آوٹ پٹ کی پیداوار انجام دیتی ہے۔

مکمل مسابقت (Perfecr competition): بازار کی وہ صورت حال جس میں فروخت کاروں اور خریداروں کی تعداد بہت بڑی ہوتی ہے اور فروخت کار ایک ہی جنس کے پروڈکٹ فروخت کرتے ہیں۔

تھوک بازار (Whole sale market) : وہ بازار جس میں اشیا کا لین دین بڑی مقدار میں کیا جاتا ہے۔

خردہ بازار (Retail market) : وہ بازار جس میں اشیا چھوٹی مقدار میں صارفین کو فروخت کی جاتی ہیں۔

آن لائن مارکیٹ (online market) : وہ بازار جس کے ذریعے صارفین سیدھے طور پر انٹرنیٹ پر اشیا اور خدمات کی خریداری کرتے ہیں۔

- معاشیات میں بازار سے مراد کسی مخصوص رقبے میں کوئی ایسا موثر بندوبست ہے جس میں شے کی خریداری اور فروخت کے لیے خریدار اور فروخت کار ایک دوسرے کے رابطے میں آتے ہیں۔
- بازار کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

(i) کوئی شے ضرور ہونی چاہیے جو خریدی اور فروخت کی جاری ہو

(ii) شے کے خریدار اور فروخت کار ہونے چاہئیں۔

(iii) مول بھاؤ قیمت ہونی چاہیے۔

- خریداروں اور فروخت کاروں کی تعداد کی بنیاد پر بازار کی دو انتہائی شکلیں ہوسکتی ہیں:

(i) اجارہ داری بازار

(ii) مکمل مسابقتی بازار

- اجارہ داری بازار (Monopoly Market): وہ بازار اور ساخت ہے

جس میں ایک واحد فرم سبھی آوٹ پٹ کو پیش کرتی ہے اور اجارہ دار کے ذریعہ فروخت پروڈکٹ کا کوئی قریبی متبادل نہیں ہوتا۔ اس کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ اجارہ دار صرف شے کا پیدا کار رہتا ہے۔

2۔ اجارہ دار کے ذریعہ تیار کی گئی شے کا کوئی قریبی متبادل نہیں ہوتا۔

3۔ اجارہ دار کا اکیلا فروخت کار ہونے کے سبب قیمت ساز ہوتا ہے۔

4۔ کئی فرموں کے لیے ممکن نہیں ہوتا کہ وہ بازار میں داخلے کی مختلف بندشوں کے سبب اس میں داخل ہوں۔

5۔ اجارہ داری کے تحت فرم اور صنعت کے درمیان کوئی فرق نہیں ہوتا۔

6۔ اجارہ دار کے ذریعہ قیمت میں معقولیت نہیں رکھی جاتی۔

- ملکی مسابقت بازار کی وہ صورت حال ہے جس میں فروخت کاروں اور خریداروں کی تعداد بڑی ہوتی ہے اور سبھی فروخت کار متجانس پروڈکٹ فروخت کرتے ہیں۔ اس کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

(i) بازار میں شے کے فروخت کاروں اور خریداروں کی ایک بڑی تعداد ہوتی ہے۔

(ii) سبھی فروخت کار متجانس پروڈکٹ فروخت کرتے ہیں۔

(iii) نئی فرمیں بازار کے داخلے میں اور موجودہ فرمیں بازار کو چھوڑنے میں آزاد ہوتی ہے۔

(iv) فروخت کاروں اور خریداروں کو بازار کا مکمل علم ہوتا ہے۔

(v) پیداوار کے سبھی عوامل پوری طرح حرکت پذیر ہوتے ہیں۔

(vi) فروخت کی کوئی لاگت نہیں۔

- جب بازار میں اشیا کا لین دین بہت بڑی تعداد میں کیا جاتا ہے اسے تھوک بازار (Whole sale market) کہا جاتا ہے۔ تھوک فروش ڈسٹری بیوٹر یا بچولیا ہوتا ہے جو خاص طور پر خردہ فروشوں اور اداروں کو فروخت کرتا ہے۔ وہ مینوفیکچرر اور آخری صارفین کے درمیان ایک لازمی کڑی ہوتا ہے۔
- خردہ بازار میں اشیا قلیل مقدار میں فروخت ہوتی ہیں فروخت کنندہ عام طور پر آخری صارفین کو فروخت کرتے ہیں۔

مینوفیکچرر　　　تھوک فروش　خردہ فروش/صارفین

- آن لائن بازاروں میں فرد ادائیگی کے لیے کریڈٹ کارڈ استعمال کر سکتا ہے اور اس طرح وہ براہ راست انٹرنیٹ پر فروخت کار سے اشیا اور خدمات خرید سکتا ہے۔ اسے الیکٹرانک کامرس یا آن لائن مارکیٹ کہا جاتا ہے۔

خود قدر شناسی کیجیے

1۔ معاشیات میں بازار سے کیا مراد ہے؟

2۔ اجارہ داری سے آپ کی کیا مراد ہے؟ اس کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

3۔ مکمل مسابقت سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

4۔ اجارہ داری اور مکمل مسابقت کے درمیان درج ذیل بنیاد پر تفریق کیجیے۔

(i) فروخت کاروں کی تعداد　　(ii) نئی فرموں کا داخلہ

5۔ تھوک بازار اور خردہ بازار میں فرق کیجیے۔

6۔ آن لائن بازار سے کیا مراد ہے؟